قواعد برائے ناظرہ امتحان

1. ناظرہ کا امتحان ہر 3 ماہ بعد یا مدرسہ کے مطالبہ پر تین ماہ سے قبل منعقد ہو گا۔
2. امتحان نظام المدارس پاکستان کے ضلعی کوآرڈینیٹرز کی نگرانی میں ہو گا، قابل ممتحنین کی لسٹ کو آرڈینیٹرز حضرات نظام المدارس شعبہ امتحانات کو مہیا کریں گے۔ ممتحنین قراء کا مرکزی شعبہ امتحان کی قراء حضرات کی ٹیم سے ممتحن بننے کی اہلیت کا امتحان پاس کرنا ضروری ہو گا۔
3. امتحان کا رزلٹ مرکز نظام المدارس پاکستان جاری کرے گا
4. نظام المدارس پاکستان کی طرف سے کامیاب امیدواروں کو سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا
5. ناظرہ امتحان کے لیے فیس مبلغ 100 روپے ہو گی
6. امتحان دینے والے امیداروں کی فہرست امتحان سے قبل مرکزی شعبہ امتحانات نظام المدارس پاکستان کو بھیجنا ضروری ہو گی۔ مرکز کی طرف سے سرٹیفکیٹ صرف انہی امیدواروں کو جاری کیا جائے گا جن کے ناموں کی فہرست مرکزی شعبہ امتحانات کو بمعہ فیس موصول ہو چکی ہو گی
7. ناظرہ قرآن کی فیس براہ راست نظام المدارس پاکستان کے اکاؤنٹ میں جمع کروائی جائے گی اور فیس کی اصل رسید اور امیدواروں کی فہرست ایک ساتھ مرکز کو بھیجی جائے گی اور ضلعی کوآرڈینیٹر کو صرف رسید کی کاپی دکھائی جائے گی

فیس جمع کروانے کے لیے بینک اکاؤنٹ

Bank: Meezan Bank Limited, Shalimar Link Road, Lahore

Account Title: Nizam-Ul-Madaris-Pakistan

Account#:02930106548973

ناظرہ کے امتحان کے لیے نصاب درج ذیل ہے:

نمبر شمار	مضامین	امتحانی مواد
.1	قرآن پاک	ناظرہ کا امتحان صرف انہی امیدواروں کا ہو گا جنہوں نے 30 پارے مکمل پڑھ لئے ہوں گے یا مکمل قرآن بغیر اغلاط کے سنانے کی اہلیت رکھتے ہوں۔
.2	منہاج قاعدہ	مکمل
.3	کلمے	چھ کلمے مکمل حفظ
.4	مسنون دعائیں	دعائے قنوت، آیت الکرسی، نماز جنازہ، کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد دعاء، مسجد میں داخل ہونے سے پہلے اور نکلنے سے پہلے دعاء، بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے اور نکلنے کے بعد دعاء، سفر کی دعاء، فرض نماز کے بعد دعاء، سونے سے پہلے اور بعد کی دعا، علم میں اضافے کی دعا
.5	فقہ	طہارت حاصل کرنے کا طریقہ، وضو کرنے کا طریقہ (فرائض، واجبات، سنن، مستحبات)، نماز کے ضروری مسائل (فرائض، واجباب، سنن، مستحبات)، سجدہ سہو کب واجب ہوتا ہے اور ادا کرنے کا طریقہ کیا ہے؟ انفرادی نماز ادا کرنے کا طریقہ، جماعت سے نماز پڑھنے کا طریقہ، جماعت میں شامل ہونے کا طریقہ، نماز جنازہ پڑھنے کا مکمل طریقہ، نماز عیدین پڑھنے کا مکمل طریقہ
.6	نماز و حفظ	نماز مکمل حفظ اور 30 ویں پارے کی آخری دس سورتیں حفظ

*** ناظرہ قرآن کے امتحان میں روانی، صحت لفظی، لفظوں کی پہچان، لحن، اجراء قواعد تجوید کا خاص خیال رکھا جائے گا۔**

نوٹ: ناظرہ مکمل کرنے والے امیدوار کی عمر اگر دس سال سے زیادہ ہے تو نظام المدارس شعبہ حفظ کے لیے مختص کتاب نصاب علوم شریعہ برائے ابتدائیہ و متوسطہ مکمل پڑھائی جائے اور ساتھ آخری دس سورتوں کے علاوہ آخری پارے میں سے چند اہم سورتیں حفظ کروائی جائیں۔